© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب

جناب حکیم محمد سعید صاحب
چیئرمین ہمدرد فاؤنڈیشن

**امام اعظم ابوحنیفہ کا نظریہ انقلاب و سیاست**

تصنیف - مولانا عبدالقیوم حقانی - صفحات ٦٤ قیمت ٦ روپے
ناشر - مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ - اکوڑہ خٹک - پشاور

امام اعظم ابوحنیفہ کا نظریہ انقلاب و سیاست - مولانا عبدالقیوم حقانی کی تصنیف ہے جس میں سیاست کا اسلامی مفہوم و تشریح - امام ابوحنیفہ کا سیاسی مسلک و کردار، سیاسی تجربے اور کارنامے ایک ہمہ گیر انقلابی تحریک اور مضبوط سیاسی جماعت کی ضرورت، تشکیل اور نصب العین، فقہ حنفیہ کی قانونی جامعیت، سیاست میں شرافت کے اصول جبر و ظلم کے مقابلے میں استقامت و پامردی - موجودہ دور میں سیاسی عمل کے رہنما اصول، اور دیگر کئی ایک اہم موضوعات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

ہمدرد فاؤنڈیشن کے چیئرمین جناب حکیم محمد سعید صاحب نے اس کا بالاستیعاب مطالعہ کر کے مصنف کے نام جو مکتوب گرامی ارسال فرمایا ذیل میں وہی بطور نقد و تبصرہ پیش خدمت ہے۔

"میں نے آپ کی کتاب امام اعظم ابوحنیفہ کا نظریہ "انقلاب و سیاست" کا مطالعہ بہ تمام و کمال کیا۔ آپ نے امام ابوحنیفہ کی سیاسی زندگی کے اہم اور سبق آموز پہلوؤں پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔ آپ نے واقعات کے حوالے سے ان کے نظریۂ انقلاب و سیاست کی وضاحت کی ہے وہ نہایت جامع ہیں۔

ائمہ فقہ نے عام دینی مسائل کے ساتھ قرآن و سنت پر مبنی نظام کے قیام اور معاشرے پر شرعی قوانین کی بالادستی کی بھی جدوجہد مجاہدانہ عزم و استقلال کے ساتھ کی ہے۔ ان کا فقہی اور اجتہادی شغف بھی اس عظیم مقصد کے تابع تھا۔ کہ پوری زندگی پر شریعت محیط ہو۔ انہوں نے شریعت کے خلاف قدم اٹھانے والے حکام وقت کا محاسبہ خوف و طمع سے بلند ہو کر کیا۔ اور اسلامی اصول عدل سے معمولی انحراف پر بھی علی الاعلان گرفت کی ہے۔ شرعی قوانین کے نفاذ کے لئے جہد مسلسل کی تاریخ میں بلاشبہ امام اعظم ابوحنیفہ کا مقام بہت بلند ہے۔

آپ نے نہایت تحقیق و بصیرت اور بیش قیمت حوالہ جات کے ساتھ امام صاحب کے نظریۂ انقلاب و سیاست کی اس طرح وضاحت کر دی ہے کہ اس باب میں موجودہ کش مکش اور تذبذب کی فضا میں نفاذ شریعت کے لئے کام کرنے والوں کو رہنمائی حاصل ہو سکتی ہے۔ اللہ جل سبحانہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائیں اور آپ کی کتاب کو قبول عام سے نوازیں۔ آمین



© rasailojaraid.com